## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT
## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 29th October, 2024 at 11:00 a.m.

1. *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

2. **MS. SABHEEN GHOURY** **MS. RANA ANSAR**
**MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** **MR. FARHAN CHISHTI** to invite attention of the Minister-in-Charge of the Cabinet Secretariat to a matter of urgent public importance regarding non-inclusion of newly introduced degree courses like Business Data Analysis and others in the fee reimbursement scheme for children of federal government employees under the Benevolent fund, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

3. **SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024].

4. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

5. **MS. SHAISTA PERVAIZ** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018 [The Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2024].

6. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

7. **MS. SHAISTA PERVAIZ** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Pakistan Medical and Dental Council Act, 2022 [The Pakistan Medical and Dental Council (Amendment) Bill, 2024].

8. Also to introduce the Bill, if leave is granted.

### MOTION

9. **MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to establish the Nippon Institute of Advanced Sciences [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2024], till today be condoned.

### PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

10. **MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture to present the report of the Standing Committee on the Bill to establish the Nippon Institute of Advanced Sciences [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2024].

### AMENDMENT TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

11. **MS. ALIYA KAMRAN** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendment in the said Rules:-

**Amendment in Rule 208.**- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 208, in sub rule (2), for the expression "Minister for Housing and Works", the expression "Minister for Interior", shall be substituted.

12. **MS. ALIYA KAMRAN** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendment be taken into consideration.

**13. MS. ALIYA KAMRAN** to move that the proposed amendment in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**14. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to bring reforms in the quality of higher education and vocational training through monitoring and evaluation in order to cater the market need."

**15. MS. NIKHAT SHAKEEL** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to formulate a comprehensive policy aimed at engaging Gulf Countries to create a supportive environment for Pakistani workers, and enhance diplomatic relations to protect their rights."

**16. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to bring GST on Agricultural inputs at zero percent so that cost of cultivation of the local foods crops may be reduced."

**17. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take steps to avoid the situation arising due to monkey pox in the Country."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**18. SYED RAFIULLAH** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Excise and Taxation Office of Islamabad."

**19. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Ministry of Information Technology and Telecommunications."

**20. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Capital Development Authority."

**21. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of unemployment in the country."

**22. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the issue of overbilling by power distribution companies in the Country."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**23.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**24. MR. OMAR AYUB KHAN** **MS. ZARTAJ GUL**
**KHAWAJA SHERAZ MEHMOOD** **MR. MOHAMMED AHMED CHATTHA** to invite attention of the Minister for Interior to a matter of urgent public importance regarding placing the names of several Members of the National Assembly on the Exit Control List (ECL), Provisional National Identification List (PNIL) and Passport Control List (PCL), causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**28th October, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۲۹/اکتوبر، ۲۰۲۴ء کو صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ سبین غوری** **محترمہ رعنا انصار** **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** **جناب فرحان چشتی**

وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو بینوولینٹ فنڈ کے تحت وفاقی سرکاری ملازمین کے بچوں کے لئے بازادائیگی فیس کی اسکیم میں بزنس ڈیٹا اینالسز اور دیگر ایسے نئے متعارف کرائے گئے ڈگری کورسز شامل نہ کئے جانے سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۵۔ **محترمہ شائستہ پرویز** تحریک پیش کریں گی کہ اسلام آباد انضباط محافظت صحت ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اسلام آباد انضباط محافظت صحت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۷۔ **محترمہ شائستہ پرویز** تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان میڈیکل وڈینٹل کونسل ایکٹ، ۲۰۲۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان میڈیکل وڈینٹل کونسل (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

## تحریک

۹۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت تحریک پیش کریں گے کہ نیپون ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کے بل [نیپون ادارہ برائے جدید علوم بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۰۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت نیپون ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کے بل [نیپون ادارہ برائے جدید علوم بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترمیم

۱۱۔ **محترمہ عالیہ کامران** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترمیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گی:۔

**قاعدہ ۲۰۸ میں ترمیم:۔** یہ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۲۰۸ میں، ذیلی قاعدہ (۲) میں، عبارت ''وزیر برائے مکانات وتعمیرات'' کو عبارت ''وزیر برائے داخلہ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ **محترمہ عالیہ کامران** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مجوزہ ترمیم زیر غور لائی جائیں۔

۱۳۔ **محترمہ عالیہ کامران** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترمیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۱۴۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت مارکیٹ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے نگرانی اور تشخیص کے ذریعے اعلیٰ تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے معیار میں اصلاحات لانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

۱۵۔ **محترمہ نکہت شکیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت خلیجی ممالک میں پاکستانی محنت کشوں کے لئے معاون و مددگار ماحول پیدا کرنے کے عمل میں ان ممالک کی شمولیت اور ان محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے سفارتی تعلقات کو بڑھانے کے لئے ایک جامع پالیسی دینے کے فوری اقدامات کرے۔''

۱۶۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت زرعی مداخل پر جی ایس ٹی کو صفر فیصد پر لانے کے لئے فوری اقدامات کرے تاکہ مقامی غذائی فصلوں کی کاشت کی لاگت کو کم کیا جاسکے۔''

۱۷۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک میں منکی پاکس کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال سے بچاؤ کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۱۸۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان اسلام آباد کے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۱۹۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۲۰۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی:۔

''یہ ایوان دارالحکومتی ترقیاتی ادارہ کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۲۱۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ملک میں بے روزگاری سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔''

۲۲۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ملک میں بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے زائد بلوں کے معاملہ پر بحث کرے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۲۳۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۴۔ **جناب عمر ایوب خان** **محترمہ زرتاج گل** **خواجہ شیراز محمود** **جناب محمد احمد چٹھہ**

وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو قومی اسمبلی کے کئی اراکین کے نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ECL)، عارضی قومی شناختی فہرست (PNIL) اور پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (PCL) پر رکھنے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**

**۲۸/اکتوبر، ۲۰۲۴ء۔**

**طاہر حسین**

**سیکرٹری جنرل**